**10.02.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. فیصل خان

**Music**

-------------------------------

- ☆ اپوزیشن نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے خلاف عدمِ اعتماد کی تحریک کا نوٹس دیا ہے۔
- ☆ لوک سبھا کی کارروائی، بغیر کسی کام کاج کے اپوزیشن کے شورشرابے کی وجہ سے دو مرتبہ ملتوی کی گئی۔ راجیہ سبھا میں بجٹ پر بحث جاری ہے۔
- ☆ پارلیمانی وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ ایوانِ زیریں میں اپوزیشن کے ممبران کے رویے سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ایوان کے وقار کی بے حرمتی کرتے ہیں۔
- ☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دِلی میں سائبر دھوکہ دہی سے نمٹنے پر قومی کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ وہ CBI کی نئی سائبر کرائم برانچ کا افتتاح بھی کریں گے۔
- ☆ جرمنی میں Biofach 2026 عالمی آرگینک تجارتی میلے میں بھارت کو کنٹری آف دی ایئر کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔
- ☆ بنگلہ دیش میں پارلیمانی انتخابات کیلئے انتخابی مہم ختم ہوگئی ہے۔ جمعرات کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔
- ☆ BCCI نے 2025-26 کیلئے مردوں اور خواتین کی سینئر ٹیموں کے کھلاڑیوں کیلئے سالانہ کنٹریکٹ کا اعلان کیا ہے۔ روہت شرما اور وراٹ کوہلی کو B گریڈ میں رکھا گیا ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

### Opposition No Confidence Motion

اپوزیشن نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کا نوٹس دیا ہے۔ لوک سبھا ذرائع کے مطابق اپوزیشن نے مذکورہ نوٹس لوک سبھا کے سکریٹری جنرل کو پیش کیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ اِس نوٹس کا جائزہ لیا جائے گا اور ضابطوں کے مطابق اِس پر اگلا قدم اٹھایا جائے گا۔x

### LS Adjourn

لوک سبھا کی کارروائی مختلف معاملوں پر اپوزیشن کے شور شرابے کی وجہ سے دن کے دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ پہلے التواء کے بعد جب ایوان کا اجلاس دن کے 12 بجے شروع ہوا تو متعلقہ وزیروں نے اپنی اپنی وزارتوں سے متعلق کاغذات پیش کئے۔ اِس کے بعد پریزائڈنگ افسر PC موہن نے 2026-27 کے عام بجٹ پر بحث کرانے کی کوشش کی لیکن اپوزیشن

ارکان نے نعرے لگانے کا سلسلہ جاری رکھا۔ پریزائڈنگ افسر نے احتجاج کرنے والے ارکان سے کہا کہ وہ بحث میں حصہ لیں اور ایوان کی کارروائی چلنے دیں۔
اُدھر پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن ریجیجو نے بھی اپوزیشن ارکان سے زور دے کر کہا کہ وہ ایوان کی کارروائی چلنے دیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن ارکان جان بوجھ کر ایوان کے وسط میں آتے ہیں اور ہنگامہ برپا کرتے ہیں۔ جناب ریجیجو نے احتجاج کرنے والے ارکان سے اپیل کی کہ وہ ایوان کے وقار کو مجروح نہ کریں اور بجٹ پر بحث ہونے دیں۔

**SB - Kiren Rijiju**

پریزائڈنگ افسر اور وزیر موصوف کی اپیل کے باوجود اپوزیشن ارکان نے اپنے احتجاج کا سلسلہ جاری رکھا، جس کے نتیجے میں ایوان کی کارروائی دن کے دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

**Paswan LOP**

مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے آج لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی پر پورے بجٹ اجلاس کا وقت برباد کرنے کا الزام لگایا۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب پاسوان نے کہا کہ مقامی پارٹیوں کے لیڈروں سمیت اپوزیشن کے ساتھیوں کو جناب گاندھی کے ضدی رویے کی بنا پر صدرجمہوریہ کے خطاب اور بجٹ پر بولنے کا موقع نہیں مل سکا۔ اُنہوں نے کہاکہ یہ دعویٰ کہ اپوزیشن کو بولنے کا موقع نہیں دیا گیا، غلط ہے۔ جناب پاسوان نے کہاکہ اُن کو کئی مرتبہ بولنے کا موقع دیا گیا تھا۔

**Byte: Chirag Paswan**

**Shah CBI Launch**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں سائبر فراڈ سے نمٹنے اور اِس کے ایکو نظام کو ختم کرنے سے متعلق قومی کانفرنس میں کلیدی خطاب کریں گے۔ اِس موقعے پر وہ مرکزی جانچ بیورو کی نئی سائبر جرائم شاخ کا افتتاح بھی کریں گے۔ جناب امت شاہ امورِ داخلہ کی وزارت کے تحت بھارتی سائبر جرائم تال میل مرکز 14C کے ریاستی سینٹر کے **Dashboard** کا آغاز بھی کریں گے۔ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ بھارت میں سائبر دھوکہ دہی کے بڑھتے معاملات اور طور طریقوں کی ایک مشترک جانکاری پیدا کرنا اِس کانفرنس کا اہم مقصد ہے۔x

**PM Mauritius**

وزیراعظم نریندر مودی نے ماریشس کے اپنے ہم منصب ڈاکٹر نوین چندر رام غلام کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اِس بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے خصوصی، تاریخی اور عوام پر توجہ مرکوز کرنے والے تعلقات کو مستحکم بنانے کے عہد کو دوہرایا، جو دونوں ملکوں کو ایک دوسرے کے ساتھ باہم منسلک کرتے ہیں۔
دونوں لیڈروں نے وسیع تر اشتراک میں پیشرفت کا جائزہ بھی لیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے مزید کہا کہ بھارت اور ماریشس مل کر کام کرتے رہیں گے تاکہ بحرِ ہند کے خطے میں امن و استحکام کے مشترکہ مقاصد حاصل کیے جا سکیں۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ وہ اگلے ہفتے **AI Impact Summit** میں شرکت کیلئے ڈاکٹر رام غلام کا خیر مقدم کرنے کے منتظر ہیں۔x

**Finance Forum**

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ نئے مالی سال کے مرکزی بجٹ سے کاروباری اداروں اور صنعت کے پالیسی نقطۂ نظر سے تسلسل، یقینی صورتحال اور تخمینوں کے تعلق سے سرکار کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے اِن اداروں کو طویل مدتی منصوبوں اور سرمایہ کاری کے وعدوں کو پورا کرنے میں سہولت ہوگی۔ محترمہ سیتارمن نے کل نئی دلی میں امریکہ-بھارت کلیدی ساجھیداری فورم کے بورڈ ارکان سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔x

**India BIOFACH 2026**

بھارت کو جرمنی کے Nuremberg میں آرگینک مصنوعات کیلئے دنیا کے سرکردہ تجارتی میلے BIOFACH-2026 میں ''Country of the Year'' کے اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ اِس اعزاز سے بھارت 14 سال کے بعد عالمی آرگینک کھیتی باڑی کے شعبے میں دوبارہ توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ BIOFACH اِس مہینے کی 13 تاریخ تک جاری رہے گا۔ زراعتی اور ڈبہ بند خوراک کی برآمدات کے فروغ کی اتھارٹی APEDA کے زیرِ اہتمام اِس میلے میں بھارت کے ایک ہزار 74 مربع میٹر کے پویلین میں برآمد کاروں، مصنوعات سے متعلق کسانوں کی تنظیموں FPOs اور ریاستی سرکار کے اداروں سمیت 67 نمائش کار حصہ لے رہے ہیں۔ x

**Plastic Reax Ind US Deal**

پلاسٹک کے شعبے نے بھارت اور امریکہ کے درمیان عبوری تجارتی سمجھوتے کا خیرمقدم کیا ہے۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے پلاسٹک برآمدات کے فروغ کے سابق چیئرمین اور پلاسٹک کی مصنوعات برآمد کرنے والے اروند گوئنکا نے بتایا کہ یہ سمجھوتہ اِس شعبے میں تجارت کو فروغ دینے کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔x

**Bangladesh-Poll**

بنگلہ دیش کے 13 ویں Jatiya Sangsad کے انتخابات اور اس کے ساتھ ہونے والے ریفرنڈم کیلئے انتخابی مہم آج صبح ساڑھے سات بجے ختم ہوگئی، جس کے بعد جمعرات کو ہونے والی پولنگ سے قبل 48 گھنٹے کی خاموشی کا دور شروع ہوگیا ہے۔ قومی پالیمانی انتخابات اور جولائی کے قومی منشور کے تحت ریفرینڈم ہوگا۔ انتخابات کا آخری مرحلہ سخت پابندیوں، سکیورٹی میں اضافے اور تازہ سروے کے اندازے کے درمیان ہورہا ہے۔x

**J&K Weather**

مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب آج جموں و کشمیر میں بہت سے مقامات پر ہلکی بارش اور برفباری کا امکان ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات کے مطابق 20 فروری تک جموں و کشمیر میں زیادہ بارش یا برفباری کا امکان نہیں ہے۔ 11 فروری سے 20 فروری تک موسم عام طور سے خشک رہے گا۔ البتہ 14 فروری اور 17 فروری کے آس پاس بلند مقامات پر کہیں کہیں ہلکی برفباری ہوسکتی ہے۔ x

**Punjab Lop Summoned**

پنجاب ریاست کے درج فہرست ذاتوں کے کمیشن کے چیئرمین جسویر سنگھ گڑھی نے اپوزیشن لیڈر پرتاپ سنگھ باجوا کو سمن جاری

کئے ہیں۔ اُن سے حال ہی میں پنجاب کابینہ میں ایک دلت وزیر کے خلاف مبینہ توہین آمیز اور ذات پات پر مبنی بیان پر وضاحت طلب کی گئی ہے۔ جناب گڑھی نے چنڈی گڑھ میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ یہ بات اُن کے علم میں آئی ہے کہ کانگریس کے لیڈر باجوا نے کابینی وزیر ہربھجن سنگھ ETO، جو درج فہرست ذات سے تعلق رکھتے ہیں، کے خلاف توہین آمیز لہجے میں بات کی ہے۔×

**Shivraj Mathura**

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی سمجھوتہ قومی مفاد میں بہترین معاہدہ ہے، جس میں کسانوں کے مفادات کا پورا خیال رکھا گیا ہے۔ اترپردیش کے متھرا میں گووردھن پریکرما کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، وزیر زراعت نے کہا کہ اِس سمجھوتے میں گیہوں اور دھان سمیت اہم اناج کو پورا تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ x

**Leather India US Trade**

چمڑے کی برآمدات کی کونسل CLE نے بھارت - امریکہ تجارتی سمجھوتے کو سراہا ہے اور اِسے چمڑے کے شعبے کیلئے مفید قرار دیا ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی بات چیت کرتے ہوئے، CLE کے علاقائی چیئرمین اسد عراقی نے کہا کہ اشیاء پر محصولات کم کئے جانے سے تاجروں کو بڑی راحت ملی ہے۔ تجارتی سمجھوتے کا خیرمقدم کرتے ہوئے، جناب عراقی نے کہا کہ اِس سے چمڑے کی صنعت کے احیاء میں مدد ملے گی۔ انہوں نے اِس تجارتی سمجھوتے کیلئے وزیرِ اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اِس سے صنعت کیلئے ایک نئی امید پیدا ہوگی۔

**SB - Asad Iraqi**

**Assam Electioral Roll**

آسام میں خصوصی نظرثانی کے بعد حتمی انتخابی فہرست آج جاری کی جائے گی۔ 12 دیگر ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں ہوئے خصوصی جامع نظرثانی کے برخلاف آسام میں خصوصی نظر ثانی SR کا عمل گھر گھر جاکر تصدیق کرنے کے بعد کیا گیا ہے اور فارم بھرنے اور دستاویزات جمع کرنے کا عمل یہاں نہیں ہوا۔ اِس کیلئے کُل 29 ہزار 656 بوتھ لیول آفیسرز BLOs پوری ریاست میں سرگرم رہے۔ انتخابی فہرست کا مسودہ پچھلے سال دسمبر میں جاری کیا گیا تھا۔ وزیرِاعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے میڈیا کے لوگوں کو جانکاری دی کہ اسمبلی انتخابات کے بعد آسام میں SIR کا عمل شروع کیا جائے گا۔ ایوان کے 126 ممبران کیلئے مارچ-اپریل کے مہینے میں انتخابات ہونے کی توقع ہے۔×

**Meghalaya Coal Mine**

میگھالیہ کے Mynsngat میں جمعرات کے روز ایک کان میں ہوئے دھماکے میں، ایک زخمی کی موت کے ساتھ مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 28 ہوگئی ہے۔ NDRF، SBRF، خصوصی بچاؤ ٹیم، پولیس اور ضلع انتظامیہ کی ٹیمیں تلاش اور بچاؤ کی کارروائیاں انجام دے رہی ہیں۔×

**BCCI Annual Contract**

بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے 2025-26 کے سیزن کیلئے مردوں اور خواتین کی سینئر ٹیموں کیلئے کھلاڑیوں سے

متعلق اپنے سالانہ کانٹریکٹ کا اعلان کردیا ہے۔
سینئر مردوں کی ٹیم میں شبھمن گِل، جسپریت بُمرا اور رویندر جڈیجہ کو گریڈ اے میں رکھا گیاہے، جبکہ روہت شرما اور وراٹ کوہلی جیسے سینئر کھلاڑیوں کو، جو ٹیسٹ کرکٹ اور ٹی ٹوئنٹی سے ریٹائر ہوگئے ہیں، گریڈ بی میں رکھا گیا ہے۔
دوسری طرف سینئر خواتین کی ٹیم میں ہرمن پریت کور، اِسمرتی مندھانا، **Jemimah Rodrigues** اور دیپتی شرما کو گریڈ اے میں رکھا گیا ہے۔**x**

### ICC-Pakistan-Bangladesh

بین الاقوامی کرکٹ کونسل **ICC** نے مردوں کے **ICC** ٹی-ٹوینٹی ورلڈ کپ-**2026** کے تمام طے شدہ میچوں میں پاکستان کی شرکت کی تصدیق کردی ہے۔ اس میں **15** فروری کو کولمبو میں بھارت کے خلاف ہونے والا میچ بھی شامل ہے۔ کل رات جاری ایک بیان میں **ICC** نے کہا کہ **ICC** اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے درمیان بات چیت ایک وسیع تر مشاورت کا حصہ تھی، جس میں دونوں فریقوں نے مثبت تعاون، اتحاد، عزم اور مقصدیت کے ساتھ کھیلوں کے مفادات کی خدمت کرنے کی ضرورت کو تسلیم کیا اور دیانتداری، غیرجانبداری اور تعاون کے اصولوں پر عمل کرنے پر اتفاق کیا۔×

☆☆☆☆☆☆